**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36۔کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

21اگست2026ء

# پریس ریلیز

## حکومت اور اپوزیشن بانی پی ٹی آئی کی صحت پر سیاست سے باز رہیں۔

## دفاعی معاملات پر قانون سازی اہم، عوام کی بہبود کے لیے قانون سازی اہم تر ہے۔

## ملک کے تمام اندرونی و بیرونی مسائل کا اصل حل صرف شریعتِ محمدی ﷺ کے نفاذ سے ممکن ہے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** حکومت اور اپوزیشن بانی پی ٹی آئی کی صحت پر سیاست سے باز رہیں۔ دفاعی معاملات پر قانون سازی اہم، عوام کی بہبود کے لیے قانون سازی اہم تر ہے۔ ملک کے تمام اندرونی و بیرونی مسائل کا اصل حل صرف شریعتِ محمدی ﷺ کے نفاذ سے ممکن ہے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی قید میں بگڑتی ہوئی صحت کے باعث عدالتی حکم کے مطابق اُنہیں جیل سے ہسپتال منتقل کرنا خوش آئند ہے۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ حکومت اور اپوزیشن اِس معاملے پر سیاست سے اجتناب کریں۔ پھر یہ کہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر کی جیلوں میں ہزاروں افراد جان لیوا بیماریوں میں مبتلا ہیں، اُن کے لیے بھی مناسب علاج کا بندوبست کیا جائے۔ امیر تنظیم نے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترمیم اور ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026ء کی منظوری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی خطرات سے نمٹنا اور دفاع کو مضبوط کرنا یقیناً قومی سلامتی کے لیے ضروری ہے لیکن عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنا اور اِس حوالے سے قانون سازی میں بھی سرعت سے کام لینا اہم تر ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ ایک مسلّمہ امر ہے کہ ملک میں عوام کی فلاح و بہبود کو اوّلین ترجیح دی جانی چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام بھی ہمیں یہی درس دیتا ہے کہ جن لوگوں کو اللہ کی مخلوق پر کسی نوعیت کی ذِمّہ داری دی گئی ہو اُن کا فرض بنتا ہے کہ عوام کی تمام جسمانی و روحانی ضروریاتِ زندگی کو احسن انداز میں پورا کرنے میں کوشاں رہیں۔ لہٰذا مہنگائی، بے روزگاری اور جملہ معاشی و سماجی مسائل کی چکی میں پِسی ہوئی عوام کو ریلیف دینے اور بالخصوص ملک سے سود کے خاتمے کے لیے بھی فوری قانون سازی کی جائے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ملک کو درپیش تمام چیلنجز کا واحد اور اصل حل اسلام کے نظام عدلِ اجتماعی کے نفاذ میں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا اور 79 سال گزرنے کے بعد بھی ملک میں شریعتِ محمدی ﷺ کا نفاذ نہیں کیا گیا، جو ایک بڑی مجرمانہ غفلت ہے۔ لہٰذا فوری طور پر ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ و قیام کے لیے عملی اقدامات اُٹھائے جائیں تاکہ ہم دنیا میں بھی امن و خوشحالی کی طرف بڑھ سکیں اور اُخروی کامیابی کے امیدوار بھی بن جائیں۔

جاری کردہ
**رضاءالحق**
مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 21st, 2026**

## Government and Opposition must refrain from politicizing the health of the PTI Founder.

## Legislation on defense matters is important, but legislation for the welfare of the people is even more important.

## The real solution to all internal and external problems facing the country lies only in the implementation of Shari'ah of Prophet Muhammad (*S.A.W.W.*).

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the transfer of the PTI founder from prison to hospital, in accordance with a court order, in view of his deteriorating health while in custody, is a welcome development. The government and the opposition must refrain from politicizing this matter. Furthermore, according to official figures, thousands of prisoners across the country are suffering from life-threatening illnesses, and appropriate medical treatment should also be arranged for them. Commenting on the amendment to the National Command Authority Act and the passage of the Defense Forces Act 2026 by the National Assembly and the Senate, the Ameer of Tanzeem-e-Islami said that addressing the internal and external threats facing the country and strengthening its defense are undoubtedly essential for national security; however, resolving the fundamental problems faced by the masses and acting swiftly on legislation for their welfare is even more important. He said that it is an established principle that the welfare and well-being of the people must be accorded with the highest priority in the country. The reality is that Islam also teaches us that those entrusted with any form of responsibility over Allah's creation are duty-bound to strive to fulfil the physical and spiritual needs of the people in the best possible manner. Therefore, immediate legislation should be enacted to provide relief to the people of Pakistan, who are being crushed by inflation, unemployment, and a host of economic and social problems, and, in particular, to eliminate Riba from the country.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the sole and fundamental solution to all the challenges confronting the country lies in the establishment and implementation of the Islamic system of social justice. The reality is that Pakistan was established in the name of Islam, yet even after 79 years, the Shari'ah of Prophet Muhammad (*S.A.W.W.*) has not been implemented in the country, which constitutes a grave and culpable neglect. Therefore, immediate practical measures must be taken towards the establishment and enforcement of the Islamic system in the country, so that we may advance towards peace and prosperity in this world and also become deserving of success in the Hereafter.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**